© rasailojaraid.com



وہ مزید لکھتے ہیں:

''جن حضرات نے اجتہاد کے دروازہ کے بارے میں کہا ہے کہ بند ہے محض اس لئے کہا ہے کہ غیر مجتہد لوگ اجتہاد کا دعویٰ کر کے وقتی حکومتوں یا اسلام دشمن قوتوں کے آلہ کار نہ بن جائیں۔(ایضاً ص ۸۲)

محترم طالب محسن کے مضمون میں یہ بھی بتانے کی کوشش کی گئی ہے کہ امت میں اہل تصوف اور لوگ ہیں اور علماء شریعت اور لوگ ہیں یعنی امت نے تقسیم قائم کر رکھی ہے۔ وہ لکھتے ہیں ''لیکن امت میں یہ عمومی رنگ پیدا ہو گیا کہ حقیقت دین صوفیاء کے پاس ہے اور فقہاء ظاہر دین کے علمبردار ہیں'' (ایضاً ۵۵)۔ یہ تاثر قطعاً غلط ہے اور حقیقت یہ ہے کہ تصوف (طریقت) اور شریعت لازم وملزوم ہیں اور تمام معروف صوفیاء کرام اپنے وقت کے جید علماء میں شمار ہوئے ہیں اور انہوں نے ہمیشہ شریعت کی پاسداری پر زور دیا ہے، کچھ جاہل لوگوں کو، جو تصوف کے دعویٰ دار بن گئے، سامنے رکھ کر شریعت وطریقت کے حوالے سے یہ تصور قائم کرنا حقائق کے منافی ہے۔ حضرت امام عبدالوہاب شعرانی (۸۹۸تا۹۷۳ھ) فرماتے ہیں:

مرید کی شان یہ ہونی چاہیے کہ وہ آداب شریعت کی محافظت کرے اور جس قدر ممکن ہو اس کے ظاہر پر عمل کرے کیونکہ تمام ترقی کا دارومدار شارع کے احکام بجالانے میں ہے۔(الانوار القدسیہ فی معرفۃ قواعد الصوفیہ، جز دوم، ص ۴۸، مکتبہ علمیہ، بیروت لبنان)۔

حضرت ابراہیم الدسوقیؒ فرماتے ہیں:

اگر مرید علم وعمل میں اخلاص کے دروازے سے داخل ہوا اور محض حکم خداوندی کی بجا آوری کی نیت سے احکام شریعہ بجالائے ثواب وغیرہ مقصود نہ ہو جس طرح سلف صالحین کا طریقہ تھا تو وہ (صوفیا کی) جماعت سے مستغنی ہو جائے گا (ایضاً ص ٦٦) یعنی اب وہ منزل پر پہنچ گیا۔

صوفیاء کرام نے جہاں اپنے مریدین کو شریعت کی پابندی کا درس دیا وہاں شریعت سے روگردانی کرنے والوں کا رد بھی کیا چنانچہ حضرت امام شعرانیؒ نے دسویں صدی ہجری کے نصف آخر میں دنیا پرست صوفیاء کے رد میں تنبیہ المغترین'' کے نام سے ایک کتاب لکھی جس کا اردو ترجمہ کرنے کی سعادت راقم کو ۲۰۰۵ء میں جامعہ الازہر میں قیام کے دوران حاصل ہوئی۔ مجلّہ اجتہاد کے مدیر جناب ذیشان سرور کا مضمون ''قرآن اور انجیل کے مشترکہ احکامات'' ایک اچھے ذہن کا عکاس مضمون ہے، حضرت علامہ مفتی محمد ابراہیم قادری کا مضمون ''انتقال خون'' اسلامی احکام کے سلسلے میں اعتدال کی راہ اختیار کرنے کا غماز ہے۔ اسی طرح دیگر مضامین بھی اپنے اپنے موضوعات کے اعتبار سے اہم ہیں اور ''اسلامی نظریاتی کونسل'' اس مجلّہ کی اشاعت پر قابل صد مبارکباد ہے۔

☆☆☆☆☆☆




© rasailojaraid.com